MUJALLAH TALIBAN

JAMADI UL AWWAL 1446

NOVEMBER 2024



32

01 تحریک طالبان پاکستان کے مجاہدین کہاں ہیں؟

02 پشتون قومی جرگہ، ہدف اور اثرات کا مختصر جائزہ

03 پاکستانی نوجوان اور معیشت

https://umnews.net

@umarmedia

فہرست مضامین

اداریہ

ہماری موجودگی اور فوج کے کھوکھلے دعوے

مورخہ 23 اکتوبر، بدھ کی رات کو باجوڑ اور دیر کے درمیانی راستے سے گزرتا تحریک طالبان پاکستان کا قافلہ فوج کی جانب سے لگائی گئی ایک کمین کا نشانہ بنا، جس میں ہمارے ولایت ملاکنڈ کیلئے والی کے نائب استاد قریشی رحمہ اللہ سمیت آٹھ ساتھی شہید ہوئے اسی طرح لکی مروت، ڈیرہ اسماعیل خان اور حتی کہ ضلع میانوالی میں ہمارے مجاہدین کے ٹھکانوں پر بھی چھاپے مارے گئے جہاں فوج کو شدید جھڑپوں کا سامنا کرنا پڑا اسی طرح گزشتہ دنوں سابق نائب امیر تحریک طالبان پاکستان اور مسئول نظامی کمیشن جنوبی زون مفتی مزاحم صاحب کی ویڈیو بھی سامنے آئی، جس میں وہ ولایت بنوں اور ولایت ڈی آئی خان کے پہاڑوں میں دیکھے جاسکتے ہیں

صرف یہی نہیں بلکہ ہمارا ٹاپ جنگی کمان، اراکین رہبری شوریٰ، اراکین نظامی کمیشنز، ولایات کے شورا اراکین سمیت تمام جنگی مجاہدین اپنے اپنے علاقوں اور مناسب مراکز پر موجود ہیں، جس سے صرف یہی نہیں کہ ہم میڈیا کو دکھانا چاہ رہے ہیں بلکہ یہ جنگ کیلئے ضروری ہے کہ ہم اپنے علاقوں میں رہیں ورنہ کیسے لڑا جا سکتا ہے؟

اب تک تو ہم ویڈیوز اور اعلامیوں میں اپنے حملوں کا تذکرہ کرکے اور اس کی بڑھتی تعداد کا کہہ کر ملک میں اپنی موجودگی کو ثابت کرنے کی کوشش کرتے تھے، مگر ملک کے اتنے اندرونی علاقوں میں ہمارے مراکز، گاڑیوں میں نقل و حرکت اور وہاں قیادت کی موجودگی کا کیا مطلب ہے؟ کیا اسے جھٹلایا جا سکتا ہے؟ اس کو آپ کا کیا جواب ہے؟ ان چیزوں کو لیکر آپ اپنے تابعین کو کیسے یقین دلاتے ہیں کہ 'دہشتگرد' بیرون ممالک سے آتے ہیں؟

ہم ویڈیو آڈیو اور ہر طرح کے بیانات میں بارہا ان مسائل کی وضاحت کرچکے ہیں مگر قوم کو سمجھانے اور اپنے دشمن رائل انڈین آرمی کو جھٹلانے کیلئے ہم مناسب مواقع پر ضروری سمجھتے ہیں کہ ایسے دعوؤں کی تردید کی جائے، تاکہ قوم پر واضح ہو کہ ان کے نام نہاد رکھوالے انہیں کیسے اندھیرے میں رکھ رہے ہیں.

دعوت جہاد



سیف اللہ فقیر

اللہ تعالیٰ ہمیں معاف فرمائے کہ ہم نے جہاد فی سبیل اللہ کو ایک مظلوم فریضہ بنا دیا ہے ۔ کسی کو جہاد کی اہمیت سمجھ نہیں آتی تو کوئی کہتا ہے جہاد صرف بیرون ممالک میں ہے ۔ کوئی فرض عین و فرض کفایہ کی بحثوں میں الجھا ہوا ہے تو کسی کے سامنے والدین کی اجازت کا مسئلہ سینہ تانے کھڑا ہے ۔ کاش یہ لوگ دین کا درد رکھتے تو یہ سمجھتے کی اس وقت جہاد مسلمانوں کے سامان لینے سے زیادہ ضروری ہوگیا ہے ۔

لیکن...؟

لیکن کیا کریں کسی میں جہاد کا جذبہ آتا ہے تو وہ بیچارہ انپڑھ ہونے کی وجہ سے کسی عالم کے پاس چل پڑتا ہے ۔ عالم بھی بغیر تفصیل کہے کہہ دیتے ہیں کہ ابھی تو جہاد فرض نہیں ہوا لہذا والدین کی اجازت ضروری ہے وغیرہ... اب ایسے حالات میں بتائیں کہ میں آپ کو دینی بحثیں سمجھاؤں یا امت مسلمہ کی حالت بتاؤں؟ میں آپ کو جہاد کی فرضیت سمجھاؤں یا تڑپتی ہوئی لاشیں دکھاؤں؟ آپ کو دلائل سے قائل کروں یا کٹے ہوئے اعضاء دکھاؤں؟ قرآن سے جہادی آیات پڑھ کر سناؤں یا پھر اجڑی ہوئی بستیاں دکھاؤں؟ احادیث نبویہ آپ کے سامنے لاؤں یا نوحہ کناں ماؤں کا حال سناؤں؟ غیرت و حمیت کے اشعار سناؤں یا گریباں چاک کرتی بہنوں کا حال بتاؤں؟ یعنی کہ عین الیقین سے سمجھاؤں یا پھر دلایل شرعیہ سے ؟

کیا کروں؟

آخر مجاہدین کے اساتذہ کی حیثیت رکھنے والے اہل علم کب جہاد کے حوالے سے واضح اور صحیح مسئلہ بیان کریں گے؟ منبر و محراب پر جلوہ افروز خطیب کب گرجیں گے؟ غفلت کی چادر تانے لمبی نیند سوئے خواص و عوام آخر کب جاگیں گے؟ کیا اس وقت جب آگ آپ کی گھر میں لگے گی؟ کیا اس وقت جب آپ کا بھائی قتل کردیا جائے گا؟ کیا اس وقت جب آپ کی چار دیواری کا تقدس پامال ہوگا؟ اس وقت یقیناً آپ جاگیں گے اور کچھ کرنے کی کوشش بھی کریں گے مگر یاد رکھیں کہ اس وقت پانی سر سے گزر چکا ہوگا اور آپ کچھ نہیں کر سکیں گے، کیونکہ تب آپ کے ہاتھ پاں کٹ چکے ہوں گے ۔

اے مسلمان بھائیو! میں کس طرح آپ تک اپنا درد پہنچاؤں؟ کس طرح آپ کو سمجھاؤں؟ واللہ اب بحثوں کا وقت نہیں رہا، اب یہ سوال ہی نہیں رہا کہ جہاد فرض عین ہے یا فرض کفایہ؟ آپ یہ سمجھ لیجئے کہ اسلام دشمنوں نے آپ کو ختم کرنے کا تہیہ کرلیا ہے ۔ انہوں نے آپ کے خلاف ہر قسم کی سازش تیار کرلی ہیں ۔ انہوں نے آپ سے دشمنی رکھنا فرض سمجھ رکھا ہے ۔ کیا ایسے حالات میں آپ کے لیے جائز ہے کہ آپ اس طرح دنیا داری میں مشغول رہیں؟ کیا آپ کے لیے جائز ہے کہ آپ فضول کھیلوں میں وقت گزاریں؟ کیا آپ کو یہ چیز مناسب لگتی ہے کہ لایعنی کام و گپ شپ میں اپنا قیمتی وقت ضائع کریں ۔ آپ کی جوانی کی امت مسلمہ کو ضرورت ہے ۔ آپ کے مظلوم بازوؤں کی مظلوم پاکستانی مسلمانوں کو ضرورت ہے ۔ آپ کی صلاحیتوں کی پاکستان و دنیا بھر کی جیلوں میں پڑے ہوئے بے بس قیدیوں کی ضرورت ہے ۔ یہ لوہے جیسے مظبوط بازو آخر کب کام آئیں گے؟ یہ مظبوط و چوڑے سینے دشمن اسلام کے سامنے ڈٹنے کے لیے استعمال ہونے چاہئیں ۔ نہ کہ آوارہ گردی اور بدمعاشی کے لیے ۔

قرآن پاک و احادیث نبویہ آپ کو خوشخبری سناتی ہیں ۔ وسیع جنتیں آپ کی منتظر ہیں ۔ میدان آپ کو بلاتا ہے ۔ آپ کی خوش قسمتی ہے کہ آپ صحیح سلامت ہیں ۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو معذوری سے

محفوظ رکھا، اس پر شکر ادا کریں اور جہاد فی سبیل اللہ میں نکلیں۔ ورنہ دنیا میں کتنے لوگ ایسے ہیں جو معذور ہیں، مجبور ہیں، جن کے پاس راستہ نہیں، جن کے پاس میدان نہیں، وسائل نہیں، واللہ! وہ لوگ تڑپتے ہیں، روتے ہیں، تڑپ تڑپ کر دعائیں کرتے ہیں کہ اللہ جل شانہ ہمارے لیے کوئی راستہ نکالے مگر کاش......

آپ قدر کریں، آپ کو معلوم ہو کہ آپ کے پاس جنگ کا میدان موجود ہو۔ اپ کو فکر ہو کہ اللہ نے جوانی دی ہے۔ تندرستی دی ہے۔ اور ساتھ میں وسائل و منظم ترتیب سے بھی نوازا ہے۔ کاش آپ ان سب چیزوں کی قدر کریں۔ امت مسلمہ کی مظلومیت کو دیکھیں اور ان کے حال پر رحم کرتے ہوئے فرض پر لبیک کہتے ہوئے میدان کارزارِ کا رخ کریں اور عزیمت کا نیا باب قایم کریں۔

یاد رکھیں! جہاد کی دعوت اور جہاد کی فرضیت ہر مسلمان کے لیے ہے مگر اس میں شریک ہونا یا محروم رہنا یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں قبول فرماتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں محروم رکھتے ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ دل کو دیکھتے ہیں جیسا کہ حدیث میں آتا ہے۔ اس لیے جس انسان کے دل میں فکر و شوق ہوگا وہ ضرور بالضرور ان شاء اللہ میدان میں پہنچ جائے گا اور اللہ تعالیٰ اس سے کام لیں گے۔ اور بعض ایسے بھی ہوں گے جو فکر و تڑپ سے خالی ہوں گے مگر مجاہدین کے قریبی ہونے کی وجہ سے یا علاقہ میں موجودگی کی وجہ سے شوق سے اسلحہ اٹھالیں گے مگر تڑپ و فکر نہ ہونے کی وجہ سے جلد راہ سے بھٹک جائیں گے۔ یہ حقیقت ہے اور ایسا ہو چکا ہے اور تسلسل کے ساتھ ہو رہا ہے۔ اس لیے فکر و تڑپ دل میں ہونا ضروری ہے۔ مجاہدین بھی کوشش کریں کہ اپنے ہاں آنے والے افراد کو فکر و تڑپ سے آراستہ کریں اور پھر اس کے ہاتھ میں اسلحہ پکڑائیں۔

پاکستانی نوجوان اور معیشت

عبداللہ مجاہد

اللہ جل شانہ نے پاکستان کو بیش بہا وسائل اور خصوصیات سے نوازا ہے مگر پاکستان کے حکمرانوں اور فیصلہ سازوں نے اس کی قدر نہیں کی۔ ہم کیا کیا خصوصیات لکھیں، زرعی لحاظ سے اچھی زمین کا لکھیں یا معدنی لحاظ سے خزانوں سے بھری زمین کی بات کریں۔ بدلتے موسموں کا ذکر کریں یا افرادی قوت کا، گہرے پانیوں کی بات کریں یا اونچے پہاڑوں کا قصہ سنائیں، کیا ہے جو پاکستان میں نہیں ہے؟ مگر اس کے باوجود ہم ذلیل و خوار ہورہے ہیں۔ پاکستان پر قابض ظالم، جاہل اور بددیانت حکمرانوں کی وجہ آج پاکستان مسائل کا گڑھ بن چکا ہے۔ نااہلی، کرپشن، جاہلیت، خودغرضی اور لاقانونیت تاریخ کی بدترین درجے کو پہنچ چکی ہے۔ سمجھ نہیں آتی کہ کس کس چیز کا ذکر کیا جائے؟ ہر جگہ ہی آوے کا آوے بگڑا ہوا ہے،

اس پر ایک شعر یاد آگیا

برباد گلستاں کرنے کو بس ایک ہی الو کافی تھا
ہر شاخ پہ الو بیٹھا ہے، انجام گلستاں کیا ہوگا

پچھلے دنوں اخبار میں ایک خبر نظر سے گزری کہ حکومت نے کفایت شعاری کی پالیسی پر عمل کرتے ہوئے ٦ وزارتیں اور ڈیڑھ لاکھ آسامیاں ختم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ٹھیک ہے شوق سے کیجئے لیکن کروڑوں بے روزگار لوگوں کا کیا جو ہر سال ہزاروں کی تعداد میں یونیورسٹیوں سے ڈگریاں لے کر دھڑا دھڑ نکل رہے ہیں وہ کہاں جائیں گے؟ ان کی منصوبہ بندی کون کرے گا؟ فیکٹریاں ٹیکسوں کی بھرمار کی وجہ سے بند پڑی ہیں۔ پاکستان کا ہر تاجر پریشان ہے، کسان کا جو یڈیو حال آپ نے کر رکھا ہے اس پر بات کرنے سے دل کڑھتا ہے، نوجوانوں میں بے چینی اپنے عروج پر ہے۔

حکومتی بیانات سنو تو لگتا ہے کہ بس اب دودھ کی نہریں بس شروع ہوا چاہتی ہیں۔ لمبے لمبے بیانات، بڑے بڑے دعوے لیکن عملی طور پر سب صفر بٹا صفر...

آئی پی پیز کے نام پر ان حکمرانوں کے خاندانوں نے پاکستان کا اربوں روپیہ لوٹا، اب جب شور مچا اور عوام میں تھوڑی ہلچل پیدا ہوئی تو اس مسئلے پر بات چیت جاری ہے، مگر اس کے باوجود یہ لوگ خاموشی سے نکل جائیں گے جیسے پہلے پاکستان پر ہاتھ صاف کر کے چلتے بنتے ہیں۔

انگریز کا بنایا گیا کلرک بنانے والا تعلیمی نظام، جس کی دنیا تو کیا پاکستان میں بھی کوئی اہمیت نہیں رہی، ایف اے، بی اے اور ایم اے کر کے لوگوں کے قافلے در قافلے نکل رہے ہیں اور بے روزگاروں کا فوج میں اضافہ کر رہے ہیں مگر ان کی کوئی اہمیت نہیں ہے، نا اس تعلیم پر کوئی سرکاری نوکری ملتی ہے اور نہ کوئی فیکٹری میں نوکری دیتا ہے۔ فیکٹریاں تو بس گنتی کی ہی رہ گئی ہیں اور باہر ملکوں میں تو اس تعلیم کو تعلیم ہی نہیں سمجھا جاتا۔

پھر جب اس تعلیم کا فائدہ نہیں تو کیوں یہ تعلیم نظام نہیں بدلا جاتا؟

دنیا میں کم ہی ممالک ہیں جن کی افرادی قوت آبادی کے لحاظ سے موزوں ہے، پاکستان بھی ان ممالک میں شامل ہے۔ بعض رپورٹس کے مطابق پاکستان کی ٦٠ فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے۔ یہ بھی خدا کی طرف سے ایک نعمت ہے مگر ہمارے قابض حکمران اس نعمت کی بھی ناشکری کر رہے ہیں۔ ہمارے نوجوان ڈگریاں لے کر مارے مارے پھر رہے ملک کے حالات سے مایوس ہو چکے ہیں۔ اس کا ثبوت ملک بھر

کے پاسپورٹ دفاتر کے باہر لگے رش سے ملتا ہے۔
کوئی عملی طور پر منصوبہ بندی نہیں ہورہی بس بیان بازی جاری ہے۔ سعودیہ سرمایہ کاری لے کر آرہا ہے، چین آرہا ہے، فلاں آرہا ہے۔ عالمی قرضوں کی حالت یہ ہے کہ قرض دینے کے لیے قرض لینے کے منصوبے بنائے جارہے ہیں۔ وزیراعظم باہر کے ملکوں کی منتیں کررہے ہیں کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کریں جبکہ پاکستانی سرمایہ کاروں کی زندگی انہوں نے اجیرن کررکھی ہے۔
یہ بھی سنا ہے کہ سعودیہ کو ہزاروں ایکڑ زرعی زمین سرمایہ کاری کے لیے دی جاری ہے، آرمی کو بھی ہزاروں ایکڑ زمین زرعی ترقی کے نام پر دی جارہی ہے مگر اس کا فائدہ جرنیل اور سیاست دان ہی اٹھائیں گے۔ اگر پاکستان میں زراعت نے ترقی کرنی ہے اور بے روزگاری ختم کرنی ہے تو یہ سرکاری زمین عام پاکستانیوں کو کیوں نہیں دی جاتی وہ اسے کاشت کریں۔ اس سے نا صرف ملک میں بے روزگاری کی شرح میں کمی آئے گی بلکہ زرعی اجناس میں خودکفیل ہونے کے ساتھ اجناس برآمد کرکے ملکی معیشت کو بھی بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ لیکن یہ قابض مافیا ملک کی ترقی نہیں چاہتا بلکہ اسے صرف اپنا مفاد عزیز ہے پاکستان کے حکمرانوں کے اثاثے اور پاکستان کے قرضے یہ ہمیشہ بڑھتے ہی آئے ہیں۔ ۱۹اکتوبر کے اخبار میں یہ خبر چھپی تھی کہ پاکستان کا قرض ستر ہزار تین سو باسٹھ ارب روپے کی ریکارڈ سطح پر پہنچ چکا ہے۔ پاکستان کے نوجوانوں کو اب اٹھ کھڑے ہونا ہوگا۔ اس نظام اور اس ظالم طبقے کو حکمرانی سے نکالنے کے لیے جہاد کرنا ہوگا، ورنہ ان کی جگہ ان کے بچے ہونگے اور آپ کی اولادیں ان کے بچوں کی غلامی میں رہ جائیں گی۔



استاد قریشی رحمہ اللہ اوران کے ساتھیوں کی شہادت کے حوالے سے ولایت ملاکنڈ کے والی مولانا عظمت اللہ محسود حفظہ اللہ کا پیغام

ویڈیو سے ترجمہ

نحمده ونصلي على رسول الكريم امابعد: أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ...بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۞

وقال النبي صلى الله عليه وسلم:

لَنْ يَبْرَحَ هذا الدِّينُ قائِمًا، يُقاتِلُ عليه عِصابَةٌ مِنَ المُسْلِمِينَ، حتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ. (مسلم شريف)

محترم مسلمان بھائیو! خصوصا مجاہدین کو السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں اس مختصر پیغام میں آپ کے حضور انتہائی قابل قدر حضرت استاد محترم قریشی رحمہ اللہ جو میرے معاون تھے، مولانا عنایت اللہ، مولانا اسامہ وغیرہ رحمھم اللہ کے حوالے سے یہ کہنا چاہوں گا کہ اللہ رب العزت نے اس حوالے سے ہمیں واضح طور پر سمجھایا ہے کہ جو اللہ کی راہ میں لڑتا ہے وہ یا تو غالب ہوگا یا شہید دونوں حالت میں اللہ تعالی نے اجر عظیم کا وعدہ کیا اور ہماری بھی شہداء کیلئے یہی دعاء ہے استاد محترم رحمہ اللہ کئی صفات کے حامل تھے، خصوصا وہ عجز و انکساری کے حامل اور ماتحت مجاہدین کے ساتھ محبت و شفقت کرتے تھے

اب چونکہ ملک بھر میں تحریک طالبان پاکستان نے کارروائیاں جاری رکھی ہوئی ہیں تو استاد محترم بھی اسی طرح کی کوششوں میں تھے کئی بار تشکیلات کی کوشش کی ان کی شہادت کا واقعہ یہ ہے کہ وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ سے منتقل ہو رہے تھے اور امریکی غلاموں کی کمین کا نشانہ بنے اور انہیں شہید کردیا، اللہ انہیں قبول فرمائے یہ یقینا تحریک طالبان پاکستان کیلئے ایک بہت بڑا سانحہ ہے استاد محترم اپنے بیٹے اور مولانا صاحب اپنے دو بھتیجوں سمیت شہید ہوئے ہمارا ایمان و عقیدہ ہے کہ ہم اللہ کے ہیں اور اللہ کی طرف لوٹیں گے ہم صبر کریں گے، استقامت سے کام لیں گے اور تمام مجاہدین حوصلہ مضبوط رکھیں اور مزید تشکیلات کی کوشش کریں اور ملک بھر میں پنجاب و سندھ سمیت ہمارا جو منصوبہ ہے اللہ تعالی اسے کامیاب بنائے، اس کیلئے ہم مزید کوشش کریں اللہ تعالی ہمیں کامیاب کرے، ان کی شہادتیں قبول فرماکر ہمیں نعم البدل سے نوازے

ہم استاد محترم کا انتقام لیں گے ایک امر اور ایک امیر کے تحت اپنا جہاد جاری رکھیں گے جیسا کہ گزشتہ شب ڈیرہ اسماعیل خان میں مجاہدین نے حملہ کرکے ان کا بہترانتقام لیا ہم اپنے شہداء کے خون کے ایک ایک قطرے کا انتقام لیں گے ان شاء اللہ ہمارا یہی ارادہ رکھیں کہ جب تک ہم میں خون ہے، ہم میں روح موجود ہے تو اللہ کے فضل و مدد اور ساتھیوں کے قربانیوں کے ساتھ ہم پاکستان میں طاغوتی نظام کے ختم ہونے تک اپنا جہاد جاری رکھیں گے۔

ان شاء اللہ

اللہ تعالیٰ کے راستے سے روکنا... بہت بڑا گناہ

مفتی عبید الرحمن

تعارف وپس منظر

نصوص کے پیش نظر جو چیز ایک بڑے جرم اور عظیم گناہ کی حیثیت رکھتی ہے، وہ ''صدّ عن سبیل اللہ'' ہے، یعنی اللہ تعالیٰ کے راستے سے لوگوں کو روکنا، اللہ تعالیٰ کے راستے سے یہاں دینِ اسلام اوراس کی تمام تر تعلیمات مراد ہیں۔ اسلامی کتابوں کے اصل مخاطب چونکہ مسلمان ہوتے ہیں اور مسلمان سے یہ تصور نہیں ہوسکتا کہ وہ لوگوں کو دینِ اسلام سے روکنے کی جسارت کریں گے، نیز خلافت یا واقعی اسلامی حکومت کے سایہ میں رہتے ہوئے ایک طرف دینی اور مذہبی حس بیدار اور توانا رہتی ہے، ساتھ دینی نقطۂ نظر سے پروپیگنڈہ کا بھی ماحول نہیں ہوتا، اس لیے ایسے ماحول میں رہتے ہوئے ایک مسلمان سے بہت بعید ہے کہ وہ کسی کو دینی تعلیمات سے روکے یا اس کا ذریعہ بنے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ گناہوں کی تفصیلات پر مشتمل کتابوں میں اس گناہ کا عام طور پر ذکر نہیں ملتا۔

یہاں پہلے چند نصوص ذکر کیے جاتے ہیں جن سے اس جرم کی مذمت واضح ہورہی ہے، ساتھ ہر نص سے حاصل ہونے والے کچھ فوائد ونتائج بھی اختصار کے ساتھ ذکر کیے جائیں گے، اس کے بعد اس کی مختلف صورتیں اوران کے شرعی احکام اورپھر عملی تجاویز ذکر کی جائیں گی۔

مذمت پر مشتمل چند نصوص

ارشادِ خداوندی ہے :

''یَسْأَلُوْنَکَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِیْهِ ط قُلْ قِتَالٌ فِیْهِ کَبِیْرٌ ط وَّصَدٌّ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَکُفْرٌ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ق وَإِخْرَاجُ أَهْلِهٖ مِنْهُ أَکْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ج وَالْفِتْنَةُ أَکْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ''

(البقرۃ: ۲۱۷)

ترجمہ : ''لوگ آپ سے شہرِ حرام میں قتال کرنے کے متعلق سوال کرتے ہیں، آپ فرمادیجیے کہ اس میں (خاص طور پر) قتال کرنا (یعنی عمداً) جرم عظیم ہے اوراللہ تعالیٰ کی راہ میں روک ٹوک کرنا اوراللہ کے ساتھ کفر کرنا اور مسجدِ حرام (یعنی کعبہ) کے ساتھ اور جو لوگ (مسجد حرام) کے اہل تھے ان کو اس سے خارج کردینا جرم عظیم ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک اور فتنہ پردازی کرنا (اس) قتل (خاص) سے بدرجہا بڑھ کر ہے۔'' (ترجمہ بیان القرآن)

اس آیتِ مبارکہ سے ''صد عن سبیل اللہ'' کا عظیم گناہ ہونا واضح ہورہاہے، ایک تو اس لیے کہ اس کو حرمت کے مہینوں میں قتل وقتال کرنے سے زیادہ بڑا (گناہ) قرار دیا، ساتھ دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ اس کو کفر اور مسجد حرام کے اہل کو وہاں سے نکالنے جیسے گناہوں کے ساتھ ملا کر ذکر فرمایا گیا۔ فرمانِ خداوندی ہے :

''وَلَا تَتَّخِذُوْا أَیْمَانَکُمْ دَخَلًا م بَیْنَکُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌ م بَعْدَ ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ط وَلَکُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ.'' (النحل: ۹۴)

''اور تم اپنی قسموں کو آپس میں فساد ڈالنے کا ذریعہ مت بناؤ، کبھی (اس کو دیکھ کر) کسی اور کا قدم جمنے کے بعد نہ پھسل جائے، پھر تم کو اس کے سبب سے کہ تم (نقض عہد کرکے دوسروں کے لیے) راہِ خدا سے مانع ہوئے تکلیف بھگتنا پڑے اور تم کو بڑا عذاب ہوگا۔''

(ترجمہ بیان القرآن)

یہاں ''بِمَا صَدَدْتُّم'' میں ''ب'' ''سبب کے لیے ہے اور'' ''ما'' مصدریہ ہے، حاصل یہ ہواکہ اگر مسلمان لوگ اپنی قسموں کو باہم فساد کا ذریعہ بنائیں گے توکچھ لوگ دیکھ دیکھ دین سے ہی برداشتہ ہوجائیں گے، اس کی وجہ سے مسلمانوں کو عذاب وتکلیف اُٹھانی پڑے گی۔ اس سے معلوم ہواکہ جو گناہ لوگوں کو دین سے دور کرنے کا باعث ہو، اس کا ارتکاب کرنا اس ناجائز ''خدا تعالیٰ کے راستے سے روکنے'' میں داخل ہے، اگرچہ کرتے وقت یہ پہلو مقصود نہ بھی ہو۔ نیز ضابطہ یہ ہے کہ جس گناہ پر عذاب کی وعید آئی ہو وہ کبیرہ گناہ قرار پاتا ہے۔ متعدد آیات میں عذاب کی وعید وارد ہونے سے واضح ہوجاتا ہے کہ خدا کے راستے سے روکنا کبیرہ گناہ ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے :

"وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ط قَالُوْا نَعَمْ ج فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌ م بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ج وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ." (الاعراف: ۴۴، ۴۵)

ترجمہ: ''اور اہلِ جنت اہلِ دوزخ کو پکاریں گے کہ ہم سے جو ہمارے رب نے وعدہ فرمایا تھا ہم نے تو اس کو واقع کے مطابق پایا، سو تم سے (جو تمہارے رب نے وعدہ کیا تھا تم نے بھی اس کو مطابق واقع کے پایا؟ وہ کہیں گے کہ ہاں! پھر ایک پکارنے والا دونوں کے درمیان میں پکارے گا کہ اللہ کی مار ہو (ان) ظالموں پر، جو اللہ کی راہ سے اِعراض کیا کرتے تھے اور اس میں کجی تلاش کرتے رہتے تھے اور وہ لوگ آخرت کے بھی منکر تھے۔'' (ترجمہ بیان القرآن)

اس آیت سے واضح ہوا کہ:

الف: جو لوگ خدا تعالیٰ کی راہ سے لوگوں کو روکتے ہیں، وہ کھلے ظالم ہیں۔

ب: ایسے لوگ خدا تعالیٰ کی رحمت سے دور اور لعنت کا نشانہ بنیں گے۔

ج: ایسا کرنا اہلِ جہنم کی صفت اور ان کی عادت ہے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

"وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ط الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ط اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ م بَعِيْدٍ."

(ابراہیم: ۲، ۳)

ترجمہ: ''اور بڑی خرابی یعنی بڑا سخت عذاب ہے ان کافروں کو جو دنیوی زندگانی کو آخرت پر ترجیح دیتے ہیں اور (بلکہ) اللہ کی راہ (مذکور) سے روکتے ہیں اور اس میں کجی (یعنی شبہات) کے متلاشی رہتے ہیں، ایسے لوگ بڑی دور کی گمراہی میں ہیں۔'' (ترجمہ بیان القرآن)

اس آیتِ کریمہ سے واضح ہوتا ہے کہ ''خدا تعالیٰ کے راستے سے روکنا'' بڑی گمراہی ہے، کافروں کی بری اور بہت ہی مذموم صفت ہے، ایسی صفت ہے جس کی وجہ سے کافر لوگ بھی سخت عذاب سے دوچار ہوں گے۔ فرمانِ ربانی ہے:

"اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ شَآقُّوا الرَّسُوْلَ مِنْ م بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْئًا وَّسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ." (محمد: ۳۲)

ترجمہ: ''بیشک جو لوگ کافر ہوئے اور انھوں نے اللہ کے رستہ سے روکا اور رسول (علیہ السلام) کی مخالفت کی بعد اس کے کہ ان کو رستہ نظر آچکا تھا، یہ لوگ اللہ کو کچھ نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔ اور اللہ تعالیٰ ان کی کوششوں کو مٹا دے گا۔'' (ترجمہ بیان القرآن)

اس آیتِ مبارکہ میں تین گناہوں اور جرائم کی بنیاد پر ''حبطِ اعمال'' یعنی نیک اعمال ضائع ہونے کی وعید سنائی گئی ہے، ان تین میں سے ایک جرم یہی ''صدّ عن سبیل اللہ'' (اللہ تعالیٰ کے راستہ سے روکنا) ہے اور نیک اعمال کی بربادی میں اس عمل کا خاص دخل ہے۔ اسی سورت کی بالکل پہلی آیت میں پہلے دو جرائم یعنی کفر اور ''صد عن سبیل اللہ'' پر بھی (نیک) اعمال کا گنوا دینا مذکور ہے۔

اس کے علاوہ مختلف آیات سے واضح ہوجاتا ہے کہ یہ کام احبار ورہبان، اہلِ کتاب، قومِ لوط اور مشرکین کے اعمالِ بد کی فہرست میں نمایاں طور پر شامل تھا۔

اللہ کے راستے کے دو مصداق / صورتیں

زیرِ بحث گناہ ''اللہ کے راستے سے روکنے'' کی مختلف صورتیں ہوسکتی ہیں جن میں سے چند نمایاں صورتیں یہاں درج کی جاتی ہیں۔ اس مسئلہ میں ''اللہ کے راستے'' کا مصداق پورا دین اسلام بھی ہے اور اس کی مختلف شاخیں بھی، چنانچہ بعض دفعہ پورے دینِ اسلام ہی سے لوگوں کو دور رکھنے کی کوشش کی جاتی ہے کہ کوئی شخص اس دین میں داخل نہ ہو یا جو لوگ اس کے تحت سرسری طور پر داخل ہیں، وہ اس کے ساتھ پوری وابستگی اختیار نہ کرلیں، جبکہ بعض مرتبہ پورے دین کے ساتھ تو ایسا معاندانہ رویّہ اختیار نہیں کیا جاتا، تاہم اس کے بعض شعبوں کے ساتھ ایسا سلوک روا رکھا جاتا ہے، چنانچہ مختلف طبقات ایسے ہیں جو سود، پردہ، مسنون لباس وحلیہ وغیرہ مسائل سے لوگوں کو دور رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

روکنے کی متعدد صورتیں

پھر خدا تعالیٰ کی اس راہ سے ''روکنے'' کی بھی دسیوں شکلیں ہوسکتی ہیں، بنیادی طور پر اس کی دو صورتیں ہیں:

الف : صراحت کے ساتھ روکنا، مثال کے طور پر کوئی شخص (تنظیم)ملک یہ اعلان کرے کہ کوئی اسلام قبول نہیں کرے گا، یا کوئی شخص / گھرانہ فلاں شرعی حکم پر عمل نہ کرے۔

ب : صراحت کیے بغیر روکنا، مثال کے طور پر کوئی شخص (تنظیم) ملک کسی مجبوری یا مصلحت کے پیش نظر باقاعدہ طور پر یہ اعلان تو نہ کرے کہ کوئی اسلام قبول نہیں کرے گا، یا کوئی شخص / گھرانہ فلاں شرعی حکم پر عمل نہ کرے، لیکن یہی مقصود دوسرے طریقے سے پورا کرے۔

ان دونوں طریقوں میں سے کسی بھی طریقہ سے اس مذموم مقصد کو حاصل کرنے کے لیے مختلف وسائل اختیار کیے جاتے ہیں، مثال کے طور پر:

الف : بعض اوقات اس پر سزا مقرر کی جاتی ہے کہ جو شخص اس اعلان کی خلاف ورزی کرے گا، اس کو جسمانی سزا دی جائے گی، بعض جگہ جسمانی سزا کی جگہ مالی یا قید وبند کی سزا تجویز کی جاتی ہے۔

ب : بعض اوقات اس اعلان کی پاسداری پر انعام مقرر کردیا جاتا ہے، مثال کے طور پر جو شخص اسلام قبول نہ کرے یا اسلام کے مخصوص حکم کی کھلم کھلا خلاف ورزی کرے، اس کے لیے کوئی انعام دیا جاتا ہے، پھر یہ انعام بعض اوقات تو نقد رقم یا قیمتی اشیاء کی صورت میں اس کو دیا جاتا ہے، بعض اوقات منصب ولقب کی شکل میں، جبکہ بعض اوقات کسی بدنی یا مالی بوجھ سے چھوٹ دینے کی صورت میں اس کا مظاہرہ ہوتا ہے۔

ج : اس سے یہ بھی واضح ہوا کہ موافق یا مخالف ماحول پیدا کرنا بھی جزا وسزا کی ایک صورت اور خدا تعالیٰ کی راہ سے روکنے کی ایک شکل ہے، اور بہت سی جگہ ''دین کی راہ سے روکنے'' کے لیے یہی صورت اختیار کرلی جاتی ہے، چنانچہ مسلمان ہونے کی بنیاد پر یا اسلام کے کسی خاص حکم پر عمل کرنے کی بنیاد پر اس کے ساتھ سختی کا معاملہ روا رکھا جاتا ہے اور مسلمان نہ ہونے یا اس کے کسی خاص حکم کی مخالفت کرنے کی بنیاد پر اس کے ساتھ ہمدردی، احسان واکرام کا معاملہ کیا جاتا ہے۔

د : صراحت کے بغیر روکنے کی ایک صورت وہ بھی ہے جس میں اس وقت مسلمان معاشرے کے متعدد طبقات بھی مبتلا ہیں، وہ یہ ہے کہ خود دین اسلام پر کوئی نقد واعتراض نہ کریں، لیکن مسلمانوں یا دین اسلام کی بعض خاص تعلیمات کے متعلق نقد واعتراض کا ماحول پیدا کریں، اس کے بارے میں لوگوں کی ''رائے عامہ''کو بدلنے یا ''ہموار''کرنے کی کوشش کریں، خواہ وہ فلسفیانہ انداز میں اشکال کرنے کی صورت میں ہو یا ماحول وحالات کے سازگار نہ ہونے اور دینی حکم پر عمل کرنے کی صورت میں عائد ہونے والے خطرات وخدشات کو اُبھارنے کی صورت میں ہو، اُبھارنا چاہے خود براہِ راست ہو یا کسی اور فتنہ پرداز شخص کی تشہیر و تعاون کی صورت میں ہو۔

عملی مظاہر

''خدا تعالیٰ کے راستے سے روکنے''کا جو مفہوم درج بالا سطور میں بیان کیا گیا ہے، اس کا مختلف سطح پر ارتکاب بلکہ اہتمام کیا جاتا ہے، بہت سی تنظیمیں اور افراد اس کے لیے میدان میں اُتر چکے ہیں، جو مختلف جگہوں پر مختلف طریقوں سے اس مذموم مقصد کو حاصل کرنے کے لیے سرگرمِ عمل ہیں، اللہ تعالیٰ ان کے شرور سے پوری اُمتِ مرحومہ بلکہ پوری انسانیت کو محفوظ ومامون فرمائے، لیکن درج ذیل میدانوں میں اس کا خاص طور پر ایسا اہتمام کیا جاتا ہے جو مؤثر کن بھی ہے اور تباہ کن بھی:

۱ : صحافت: اخبار، رسائل وجرائد، کتابیں اور مقالات۔

۲ : میڈیا: صحافت اور میڈیا آپس میں مربوط ہیں، تاہم یہاں اس سے آڈیو، ویڈیو، تصویر، ڈاکومنٹری، نغمیں، صوتی بیانات وتقاریر وغیرہ جیسی چیزیں مراد ہیں۔

۳ : دینی جامہ پہن کر اور مذہبی لبادہ اوڑھ کر قصداً کوئی ایسا غلط کام انجام دینا جو لوگوں کے دلوں میں دین اور اہلِ دین کی بدنامی، ہتکِ عزت وغیرہ کا سبب ہو۔

مختلف درجات وصورتیں اور فقہی حکم

الف : اگر کوئی شخص :

۱ : دینِ اسلام کے قطعی ثابت شدہ احکام کو درست ماننے کے لیے تیار نہ ہو۔

۲ : درست تو مانتا ہے، مگر اس کے ماننے کو ضروری نہیں سمجھتا۔

۳ : درست ماننے کے باوجود اس کے ساتھ نفرت وعناد رکھتا ہو۔

۴ : اس پر ٹھیک طریقے سے عمل کرنے کو مسلمانوں کی بربادی اور زوال کا باعث سمجھتا ہو۔

۵ : اس کو آج کے دور میں ناقابلِ عمل جانتا ہو اور اس لیے کوئی

متضاد راستہ مناسب خیال کرتا ہو۔
تو ان تمام صورتوں میں ایسا شخص کفر کا ارتکاب کرتا ہے اور ایسا شخص مسلمان نہیں ہوسکتا۔
ب :اگر کوئی شخص ان میں سے کسی کفریہ خیال واعتقاد کا قائل نہ ہو، لیکن یوں ہی کسی دنیوی مفاد کے لیے ایسا کرتا ہو تو یہ سخت گناہِ کبیرہ ہے اور خطرہ ہے کہ اس کا یہ عمل اس کو کفر کی دہلیز تک پہنچا دے۔
ج :کسی شخص سے لاشعوری طور پر ایسا کوئی کام سرزد ہوجائے تو بھی اس کام کی نوعیت کو دیکھ کر حکم متعین کیا جائے گا کہ وہ کس درجے کا گناہ ہے۔

خلاصۂ کلام

حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دین یا اس کے جزوی مسائل وتعلیمات سے لوگوں کو دور رکھنا، تنفر کرنا بڑے گناہوں اور عظیم جرائم میں سے ایک ہے، قرآن کریم اور احادیث مبارکہ میں اس کی بڑی ہی مذمت فرمائی گئی ہے، اس لیے اس سے بچنے کا پورپورا اہتمام کرنا ضروری ہے، دیگر گناہوں کی بنسبت اس سے بچاؤ کا زیادہ سامان کرنے کی ضرورت اس لیے بھی ہے کہ یہ صرف ایک گناہ نہیں ہے جس کا اثر کرنے والے تک محدود ہو، بلکہ دیگر افراد تک بھی اس کا فساد متعدی ہوجاتا ہے، البتہ اس کی مختلف صورتیں ہیں جن کے احکام بھی مختلف ہیں، اس کی کچھ تفصیل گزشتہ سطور میں ذکر کی گئی ہے، واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب



تحریک طالبان پاکستان کے مجاہدین کہاں ہیں؟

مولانا خالد قریشی

گزشتہ تقریبا تین سالوں سے خیبر پختونخوا اسمبلی، جلسے جلوس اور احتجاجوں سے لیکر اقوام متحدہ کے سالانہ اجلاس تک میں پاکستانی اسٹیبلیشمنٹ کے چاپلوس نما نمائندے ملک و قوم کے نوجوانوں اور آس پڑوس کے ممالک کو یہ باور کرانے کی کوشش کر رہے ہیں کہ تحریک طالبان پاکستان کے مجاہدین افغانستان میں موجود اور حملہ کرنے کیلئے وہاں سے آتے ہیں گویا حملہ نہ ہوا چند منٹس پر مشتمل ایک آفس میٹنگ ہوئی کہ بندہ آیا، بیٹھا، چائے پی، باتیں کیں اور چلا گیا ان بے سر و پا جھوٹ پر تبصرہ کرنے کیلئے پہلے انڈیپینڈینٹ اردو کی شائع کی گئی ایک رپورٹ دیکھتے ہیں جو کہ نامہ نگار اظہار اللہ صاحب نے لکھی ہے :

"خیبر پختونخوا کے جنوبی اضلاع ڈیرہ اسماعیل خان (ڈی آئی خان) اور ٹانک کی انتظامیہ اور پولیس نے ان علاقوں میں فرائض کی انجام دہی کے حوالے سے تعینات سرکاری ملازمین کو سفر محدود رکھنے کی ہدایات جاری کی ہیں۔

ڈی آئی خان کے ڈپٹی کمشنر کے دفتر سے جاری ہونے والے ایک مراسلے میں سرکاری ملازمین اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کو شدت پسندوں کے ہاتھوں اغوا ہونے کے خطرے اور امکانات سے خبردار کیا گیا ہے۔

مراسلے کے مطابق اغوا کا خطرہ بنوں اور ڈی آئی خان روڈ سمیت ڈی آئی خان ژوب اور ڈی آئی خان ٹانک روڈز پر ہے۔

مراسلے کے مطابق : 'تمام سرکاری ملازمین غیر ضروری سفر اور قیام سے گریز کریں اور سفر کے لیے ہمیشہ ایک روٹ استعمال نہ کریں۔ ٹانک، وزیرستان اپر اور لوئر اور درازندہ روڈ کو سفر کے لیے استعمال کرنے سے گریز کریں۔'

اسی طرح کا ایک مراسلہ ضلع ٹانک کے ڈپٹی کمشنر نے بھی جاری کیا ہے، جس کے مطابق تمام ملازمین کو ٹانک ڈی آئی خان روڈ استعمال کرنے سے گریز کی ہدایت کی گئی ہے۔

مراسلے میں سرکاری دفاتر کی عمارتوں میں سی سی ٹی کیمروں کی تنصیب یقینی بنانے اور ان کی چار دیواریاں آٹھ سے نو فٹ اونچی رکھنے کی ہدایات بھی کی گئی ہیں۔

مراسلے میں مزید بتایا گیا ہے کہ 'سرکاری دفاتر کے مرکزی دروازوں پر چوکیدار کی موجودگی لازمی بنانے کے علاوہ چار دیواریوں پر خاردار تاریں لگائی جائیں اور اندر جانے والے تمام افراد کی تلاشی لینا ضروری قرار دیا جائے۔'

ملازمین کو رات کے وقت غیر ضروری سفر سے گریز کی ہدایت کرتے ہوئے مراسلے میں سرکاری محکموں کے عملے کی فہرستیں ضلعی پولیس دفتر بھجوانے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔"

اب ریاست پاکستان کے ان ترجمانوں اور نمائندوں کو ایک عدالت میں کھڑا کرکے اگر ایک ایک پیرے گراف اور ان کی پولیس کی جانب سے شائع کی گئی اس طرح کی پمفلٹس کے بارے میں ایک ادنیٰ سا وکیل بھی سوال کرے تو یقینا وہ چھپ ہوں گے، اور اسی میں ان کی بھلائی بھی ہوگی کیونکہ :

۱- سفر محدود کرنا

۲- کسی بھی وقت اغوا ہوجانے کا خطرہ

۳- چار سے چھ اضلاع کی ہائی ویز پر طالبان کا موجود ہونا

۴- سفر کیلئے روٹس کا تبدیل کرنا

۵- آمد و رفت کے اوقات میں تبدیلی کرنا
٦- خوف کے مارے سرکاری کارڈز جیب میں لیکر نہ جانا
۷- سرکاری عمارتوں کی دیواریں مزید اونچی کرنا
۸- دیواروں پر خاردار تاریں لگوانا
۹- تلاشیاں سخت کرنا
۱۰- تمام ملازمین کی از سرِ نو لسٹیں بنانا

یہ چیزیں خود اس بات کو ظاہر کرتی ہیں کہ طالبان ملک کے اندر ہی موجود ہیں اور اس وجود کا حیثیت یہ بن چکا ہے کہ آپ کو اپنے وجود کے لالے پڑ چکے ہیں

میں پاکستان کی وزارت داخلہ و خارجہ، اقوام متحدہ میں ان کے مندوب اور دیگر ان تمام حکام کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ خدارا... افغانستان افغانستان کی رٹ لگانا بند کردیں اور ایک اچھے پڑوسی بن کر سامنے آئیں اگر افغانستان ہی سے دنیا کو خطرہ ہے تو ان کے دوسرے پڑوسی کیوں آرام سے ہیں، بلکہ وہ تو ہر گزرتے دن کے ساتھ ان کے ساتھ تجارتی تعلقات بڑھاتے جا رہے ہیں رہی آپ کے منہ کی "دہشتگردی" والی بات، تو اسے آپ سنجیدہ، عالمی و ملکی اور معقول قاعدہ قانون کے تحت حل کرنے کی کوشش کریں

ایک صلاح جو آپ کو دی جاسکتی ہے، وہ یہی ہے کہ جن علاقوں میں طالبان بڑی تعداد میں موجود ہیں اور آپ وہاں پھر بھی اپنی رٹ قائم کرنا چاہتے ہیں، جس کی وجہ سے حالات ناخوشگوار ہیں، تو آپ وہاں سے اپنے بندوق برداروں کو نکالنے کا حکم کریں اعر دیکھیں کہ وہاں کیسے امن قائم ہوتا ہے؟ ایک دو سال اگر طالبان کی حکومت رہی تو یقینا وہ ملک بھر کیلئے مثال ہوگی اور خیبر تا کراچی آپ سے یہی مطالبہ ہوگا کہ اس نظام کو بدلیں، کیونکہ یہ وہی قانون اور نظام ہوگا جس کیلئے اس ملک کو وجود میں آنا پڑا ہے



پشتون قومی جرگہ، ہدف اور اثرات کا مختصر جائزہ

نوید الحسن یوسفزئی

گیارہ، بارہ اور تیرہ اکتوبر ۲۰۲۴ کو خیبر ایجنسی میں منعقدہ پشتون قومی جرگہ میں پی ٹی ایم کے مشر منظور پشتون نے پشتون قبائل کے عمائدین کے ساتھ ساتھ سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں کو بھی مدعو کیا تھا جس میں تقریباً ہر مکتب فکر کے پشتون رہنماؤں نے شرکت کی یہ اعلان اس وقت کیا گیا جب پاکستانی خفیہ ایجنسیوں کی طرف سے پی ٹی ایم رہنما گیلہ من وزیر کو بے دردی سے قتل کیا گیا زیادہ تفصیل میں جانے کی ضرورت شاید نہ ہو، بہرحال اختتام پر منظور پشتون نے جو اعلامیہ سنایا اس پر مختلف قسم کے تبصرے ہوئے جس میں بشمول پی ٹی ایم کے کچھ رہنما اکثریت کی یہ نظر سامنے آئی کہ یہ پاکستانی خفیہ ایجنسیوں کا ہی ایک منصوبہ تھا، بعض لوگوں کی فکر تھی کہ منظور پشتون کو مس گائیڈ کیا گیا، بہرحال اعلامیہ کے کچھ نکات ایسے تھے جس نے جرگے کے اہداف پر پانی پھیرنے کا کام کیا

بندہ عاجز کا اس موضوع پر تجزیہ یہ ہے کہ منظور پشتون خود کھیل رہا ہے یا اس کو کھیل میں دھکیلا جا رہا ہے، یہ جرگہ واقعی پشتون کے حقوق کیلئے تھا یا خفیہ ایجنسیوں کا منصوبہ تھا؟ یہ ہر بندے کا اپنا اپنا خیال ہے اور میرا تجربہ یہ ہے کہ یہ سب محض قیاس آرائیاں ہی ہیں اصل میں جو ناکامی والا ٹرننگ پوائنٹ ہے جس سے جرگہ تنقید کا نشانہ بنا وہ کیا تھا اور اس کی وجہ کیا تھی؟۔

سب سے زیادہ جو نکتہ زیر بحث رہا وہ فوج اور طالبان کو ساٹھ دن کا الٹی میٹم تھا جس میں ان کو نکلنے کا کہا گیا فوج کا نکلنا تو ہر کسی کی سمجھ میں آرہا تھا لیکن طالبان کے نکلنے کے ساتھ کئی سوالات نے جنم لیا۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ پچھلے تقریباً بیس سال سے وہ ہزاروں کی تعداد میں جانوں کا نذرانہ پیش کرتے چلے آرہے ہیں

۔

جن شہداء کا آپ جلسوں میں ذکر کر کے لوگوں کی ہمدردیاں حاصل کرنا چاہتے ہیں

جن ماؤں بہنوں کا رونا دھونا آپ پیش کرتے ہیں

جن بوڑھوں اور بچوں کی مظلومیت آپ دکھا کر ہمدردیاں سمیٹ رہے ہیں۔

ان کی اکثریت یا تو طالبان ہیں یا ان کے خاندان کے افراد ہیں، اگر طالبان سے تعلق بھی نہیں ہے پھر بھی طالب کا نام دے کر ان کو شہید اور لاپتہ کیا گیا ہے یعنی یہ تمام تحریک طالبان پاکستان ہی کی قربانیوں میں آتا ہے جس کا آپ کریڈٹ لینا چاہتے ہیں

دوسری بات یہ کہ تحریک طالبان پاکستان بارہا یہ وضاحت کر چکی ہے کہ ان کی جنگ صرف اور صرف سیکیورٹی فورسز اور ان کے آلہ کاروں کے ساتھ ہے، اس لئے باقی تمام اقوام اور اداروں کو متنبہ کر چکی ہے کہ ہمارے درمیان آنے سے گریز کریں تو اگر فوج خیبر پختونخوا اور خصوصاً قبائل سے نکل جائے تو طالبان کے دعوے کے مطابق ان کی لڑائی ہی ختم... جب لڑائی اور بم دھماکے ہی ختم ہوں تو پھر ان کے نکلنے کا کیا مطلب؟

تیسری بات یہ کہ فوج تو باہر سے آئی ہوئی ہے چلی جائے گی، طالبان تو اسی علاقے کے باشندے ہیں، یہاں جو گھربار، مال جائیداد، قوم اور رشتہ دار آپ کے ہیں وہ ان کے بھی ہیں تو کس منہ سے ان کو نکلنے کا کہہ رہے ہیں؟

چوتھی بات یہ ہے کہ فوج جو یہاں موجود ہے یہ سیر وسیاحت کیلئے نہیں آئی بلکہ طالبان کو نکالنے کیلئے ہی تعینات ہے جس کی خاطر وہ روزانہ کی بنیاد پر ٹارگٹ کلنگ، بم دھماکوں اور اسنائپر ولیزر گنز وغیرہ کے حملوں کا شکار ہو کر مر رہے ہیں۔ پندرہ بیس سال سے ان کو نکالنے میں ناکام رہے تو آپ کے پاس ایسی کونسی ٹیکنالوجی ہے جو ان کو نکالنے میں کام آئے؟

پانچویں بات یہ کہ اگر آپ کا ارادہ لشکر بنانے کا ہے کہ ہم طالبان کے خلاف لشکر بنائیں گے تو یہ منصوبہ ایک تو پرانا ہوچکا ہے، دوسرا یہ کہ یہ تو فوج بھی چاہتی ہے کہ تم لوگ لشکر بنا کر طالبان کے ساتھ جنگ میں مصروف ہو اور فوج آرام سے تماشہ دیکھتی رہے اور آپ کے وسائل کو مزید لوٹتی رہے، پھر تو یہ سب خفیہ ایجنسیوں کے منصوبے والی بات ٹھیک ہی ہوگی

چھٹی اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ اعلامیہ کیلئے نکات لکھتے وقت ایک نکتہ یہ بھی لکھ دیتے کہ تمام فیصلے قرآن اور حدیث کے مطابق ہونگے تو بھی کچھ بات بنتی، یعنی اسلام سے نفرت اور بیزاری اس حد تک پہنچی ہے کہ اسلامی ٹچ بھی دینا گوارا نہیں کیا پھر کیونکر طالبان آپ کے فیصلے کو قبول کرے؟

اب آتے ہیں کچھ اپنے ذاتی خیال کی طرف :

میرا خیال ہے کہ منظور پشتون نے سب سے بڑی غلطی یہی کی کہ سیاسی پارٹیوں کے نمائندوں کو مدعو کیا کہ یہ تو بارہ سال کا بچہ بھی سمجھتا ہے کہ تم جب بیس تیس، چالیس پچاس اور ساٹھ سالہ تجربہ کار سیاست دانوں کو لے کر مشورہ کرنے بیٹھ جاتے ہو تو اس میں آپ کی حیثیت اپنے آپ ختم ہوجائے گی پھر جو فیصلہ وہ لوگ کریں گے آپ کو ماننا پڑے گا، اگرچہ اعلامیے کے کچھ نکات پر آپ کا شرح صدر نہیں ہوگا پھر بھی آپ مجبور ہو کر مانیں گے جس کا نتیجہ آپ کے سامنے ہے

منظور پشتون کے بعض رہنما اور سپورٹرز خود یہی کہتے ہیں کہ بات منظور پشتون کے ہاتھ سے نکل گئی ہے، اب اس کو کھیل میں دھکیلا جارہا ہے، ہر سیاست دان نے کریڈٹ لینے کی کوشش کی اور اعلامیہ منظور پشتون سے پڑھوایا۔ اب اگر کچھ گڑبڑ ہوئی تو منظور پشتون کے سر، اور اگر کوئی بہتری آتی ہے جس کا امکان کم ہے تو کریڈٹ پارٹیاں لیں گی...

اس وقت منظور پشتون کو چاہیئے کہ اس فیصلے پر نظر ثانی کرکے عوام سے معافی مانگیں، کیونکہ طالبان نے حال ہی میں لکی مروت کے ایک واقعے کے رد عمل میں واضح کیا کہ ہمارے بیچ آنے کی کوشش مت کریں، ایسا نہ ہو کہ ہمیں اپنی جنگ کا رخ بدلنا پڑے ورنہ خدا نخواستہ کل کو اگر کوئی خانہ جنگی کی فضا بن گئی تو آخرت میں بھی تمام تر نقصانات کی ذمہ داری ان مشران کے سر ہوگی اور دنیا میں بھی لوگ ان کو معاف نہیں کریں گے۔

یہود کی ساڑھے تین ہزار سالہ مختصر تاریخ

مفتی غفران صاحب

قسط (10)

تیسرا دور:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے جلاوطنی تا قبضہ اسرائیل:

اس دورانیہ میں یہود کا خیبر اور فدک سے جلاوطنی، اور اس سارے عرصہ میں یہود بے بہبود کی ذلت ورسوائی کی مختصر احوال ذکر ہونگے، ان شاء اللہ تعالی۔

خیبر وفدک سے یہود کی جلاوطنی:

بخاری شریف کی روایت ہے کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ نے خیبر کو فتح فرمایا تو اس وقت یہود خیبر کی جلاوطنی کا ارادہ فرمایا اور اس وقت خیبر کی زمینوں اور باغات کی ملکیت اللہ تعالی، اسکے رسول ﷺ اور مسلمانوں کو حاصل ہوئی تھی تو یہود نے آپ ﷺ سے درخواست کی کہ ہمیں خیبر کی سرزمین پر اس شرط کے ساتھ رہنے دیا جائے کہ ہم ان باغات اور سرزمین کی دیکھ بال کریں گے اور اس کا آدھا حصہ ماحصل آپ کو دیں گے تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"نُقِرُّكُمْ بِهَا عَلَى ذَٰلِكَ مَا شِئْنَا"

ہم تم کو سرزمین خیبر پر رہنے دیتے ہیں جب تک ہم چاہیں۔

اس معاہدے کا صاف مطلب یہی تھا کہ یہود کا خیبر میں رہنا اس شرط کے ساتھ مشروط تھا کہ مسلمان جب چاہیں گے تمہیں جلاوطن کریں گے۔ (رواہ البخاری)

یہود خیبر کی جلاوطنی کے اسباب:

سرزمین خیبر سے یہود کی جلاوطنی کے کئی اسباب تھے، جن میں اصل سبب مسلمانوں کے ساتھ ان کی سرشت میں بھری ہوئی وہ عداوت اور نفرت ہے جسکا وقتاً فوقتاً یہ لوگ مظاہرہ کرتے رہتے تھے۔ یہود کی اس قدر ذلت ورسوائی کے باوجود (تین بار قتل وقتال اور جلاوطنی کے باوجود) بھی یہ لوگ اپنی بغض وعداوت سے بازنہ آتے اور موقع پاتے ہی اپنی خبث باطنی کا اظہار کردیتے تھے۔ اعاذنا عن ہٰکذا الذل والعدوان.

چنانچہ امام ابن اثیرؒ نے انکی شرارت کا ایک واقعہ لکھا ہے:

قَالَ الواقدي: أقبل مظهر بن رافع الْحَارِثِيّ بأعلاج من الشام ليعملوا لَهُ فِي أرضه، فلما نزل خيبر أقام بِهَا ثلاثا، فحرضت يهود الأعلاج عَلَى قتله، فلما خرج من خيبر وثبوا عَلَيْهِ فقتلوه، ثُمَّ رجعوا إِلَى خيبر، فزودتهم يهود حَتَّى لحقوا بالشام، وبلغ عمر بن الخطاب رضي الله عَنْهُ الخبر، فأجلى يهود من خيبر. (أُسد الغابة في معرفة الصحابة. (٥\١٨٥)

واقدی کہتے ہیں کہ مظہر بن رافع (یہ انصاری صحابی ہے) چند غلاموں کو ساتھ لیکر شام سے آرہے تھے، تاکہ وہ اس کی زمین میں کام کاج کریں، جب مظہر خیبر پہنچا تو وہاں تین دن قیام فرمایا، یہود نے مظہر کے غلاموں کو اس کی قتل پرورغلایا، جب مظہر خیبر سے نکلا تو غلاموں نے اس پر حملہ کرکے قتل کردیا اور وہ غلام خیبر کی طرف لوٹ آئے، اہل خیبر نے انکو زادِ راہ دیکر شام کی طرف رخصت کرلیا، جب عمرؓ کو اس کی خبر پہنچی تو یہود کو خیبر سے بھگا دیا۔

اسی طرح کا ایک حادثہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے ساتھ بھی پیش آیا تھا:

إِنَّ عبد الله بن عُمَرَ خَرَجَ إِلَى مَالِهِ هُنَاكَ فَعُدِيَ عَلَيْهِ مِنَ اللَّيْلِ فَفُدِعَتْ يَدَاهُ وَرِجْلَاهُ، وَلَيْسَ لَنَا هُنَاكَ عَدُوٌّ غَيْرُهُمْ.

عبداللہ بن عمرؓ اپنے مال کے سلسلے میں خیبر تشریف لے گئے تھے، رات کے وقت نیند کی حالت میں کسی نے حملہ کرکے انکے ہاتھ پاؤں توڑڈالے، حالانکہ خیبر میں یہود کے علاوہ مسلمانوں کا کوئی دشمن نہیں تھا۔ یہ روایت مسند احمد جلد ا ص ۱۵ میں موجود ہے۔

سرزمین خیبر سے یہود کی جلاوطنی کے اسباب میں سے ایک سبب تو وہ روایات بھی ہیں جنکو دیکھتے ہوئے امیر المؤمنین

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے یقین کرلیا کہ سید الرسل و خاتم الانبیا ﷺ نے سرزمین حجاز سے اسلام کے علاوہ تمام ادیان کے خاتمے، اور تمام کفار کے جلاوطنی کا قصد فرمایا تھا، ہم ان روایات میں سے چند کا ذکر ذیل میں کرتے ہیں۔

عن جابر بن عبد الله يقول أخبرني عمر بن الخطاب أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: (لأخرجن اليهود والنصارى من جزيرة العرب حتى لا أدع إلا مسلما).

رواه مسلم (حديث ١٧٦٧) والترمذي (حديث ١٦٠٦)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے مجھے خبر دی کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ ارشاد سنا ہے کہ میں ضرور بالضرور یہود و نصاری کو جزیرۃ العرب سے نکالوں گا یہاں تک کہ صرف مسلمان باقی رہے۔

روى مالك عن ابن شهاب أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: (لا يجتمع دينان في جزيرة العرب).

قال مالك قال ابن شهاب: "ففحص عن ذلك عمر بن الخطاب رضي الله عنه حتى أتاه الثلج واليقين عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه قال: (لا يجتمع دينان في جزيرة العرب) فأجلى يهود خيبر".

(الموطأ ١٥٤٨)

امام مالک رحمہ اللہ نے ابن شہاب رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ جزیرۃ العرب میں دو دین جمع نہیں ہوسکتے ہیں، امام مالک رحمہ اللہ نے ابن شہاب سے نقل کیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس بات کی خوب جستجو کی یہاں تک کہ عمر بن الخطاب کو پختہ یقین حاصل ہوا کہ یہ بات آپ ﷺ نے ہی ارشاد فرمایا ہے کہ جزیرۃ العرب میں دو دین جمع نہیں ہوسکتے ہیں، پس عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے یہود خیبر اور فدک کو جلاوطن کر دیا۔

عن ابن عباس رضي الله عنه قال أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أوصى قبل موته بثلاث منها قوله (أخرجوا المشركين من جزيرة العرب). (رواه البخاري ومسلم)

عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے وفات سے تین دن قبل یہ ارشاد فرمایا تھا کہ مشرکین کو جزیرۃ العرب سے نکالدو۔

عن أبي عبيدة بن الجراح قال: كان في آخر ما تكلم به رسول الله صلى الله عليه وسلم قال (اخرجوا اليهود من الحجاز وأهل نجران من جزيرة العرب)

رواه أحمد (١/١٩٥-١٩٦)، والدارمي (٢٤٩٨)

ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے سب سے آخری بات جو ارشاد فرمائی تھی وہ یہ تھی کہ یہود کو حجاز سے اور اہل نجران کو جزیرۃ العرب سے نکالدو۔

ان ارشادات کے ساتھ ساتھ یہود خیبر نے کچھ دیگر شرارتیں بھی اختیار کیں جو ان کی جلاوطنی میں مزید کارگر ثابت ہوئی۔

یہود جیسے معاندین دشمنوں کے ساتھ قدرت کے باوجود حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا منصفانہ رویہ:

جب عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے یہود خیبر کو جمع کر کے جلاوطنی کا حکم سنایا، تو حُقیق کے اولاد میں سے کسی نے آکر کہا کہ "يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ أَتُخْرِجُنَا وَقَدْ أَقَرَّنَا مُحَمَّدٌ - صلى الله عليه وسلم - وَعَامَلَنَا عَلَى الْأَمْوَالِ وَشَرَطَ ذَلِكَ لَنَا؟"

اے امیر المؤمنین آپ ہمیں نکال رہے ہو اور حال یہ ہے کہ محمد ﷺ نے ہمیں سرزمین خیبر پر رہنے کا پروانہ دیا ہے اور خیبر کے اموال پر ہمارے ساتھ معاملہ فرمایا ہے، اور اس معاملہ کو ہمارے رہنے کے لئے شرط قرار دیا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: أَظَنَنْتَ أَنِّي نَسِيتُ قَوْلَ رَسُولِ اللَّهِ - صلى الله عليه وسلم -: "كَيْفَ بِكَ إِذَا أُخْرِجْتَ مِنْ خَيْبَرَ تَعْدُو بِكَ قَلُوصُكَ لَيْلَةً بَعْدَ لَيْلَةٍ"

کیا تم نے یہ سمجھا ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کا قول بھول گیا ہوں؟ (رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا) تمہاری کیا حالت ہوگی جب تم خیبر سے نکالے جاؤگے اور تمہاری اونٹنی تمہیں راتوں رات

گھسیٹ کر لے جائے گی؟

، فَقَالَ: كَانَتْ هَذِهِ هُزَيْلَةً مِنْ أَبِي الْقَاسِمِ، سائل نے کہا کہ یہ تو ابوالقاسم (رسول اللہ ﷺ) کا مذاق تھا، فقال : كَذَبْتَ يَا عَدُوَّ اللهِ، عمرؓ نے فرمایا؛ اے اللہ کے دشمن تم جھوٹ بولتے ہو۔ فَأَجْلَاهُمْ عُمَرُ، وَأَعْطَاهُمْ قِيمَةَ مَا كَانَ لَهُمْ مِنَ الثَّمَرِ مَالًا وَإِبِلًا وَعُرُوضًا مِنْ أَقْتَابٍ وَحِبَالٍ وَغَيْرِ ذَلِكَ. پھر عمرؓ نے انہیں خیبر سے نکالدیا، اور انکوا نکے پھلوں کی مالیت کے برابر مال، اونٹ اور دیگر سامان جیسے گھوڑوں کی زین اور رسی وغیرہ دے دیا۔

جب امیرالمؤمنین نے یہود کے اخراج کا ارادہ فرمایا تو لوگوں میں یہ اعلان بھی فرمایا؛ أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ رَسُولَ اللهِ - صلى الله عليه وسلم -كَانَ عَامَلَ يَهُودَ خَيْبَرَ عَلَى أَنَّا نُخْرِجُهُمْ إِذَا شِئْنَا، وَمَنْ كَانَ لَهُ مَالٌ فَلْيَلْحَقْ بِهِ، وَإِنِّي مُخْرِجٌ يَهُودَ، فَأَخْرَجَهُمْ. اے لوگو! رسول اللہ ﷺ نے یہود کے ساتھ اس شرط پر معاملہ فرمایا تھا کہ جب ہم چاہیں تمہیں نکالدیں گے ۔ سو(خیبر میں) جس کسی کا مال ہو وہ اس سے چمٹ جائے یعنی محفوظ کر لے ۔ اس کے بعد یہود کو ملک بدر کردیا۔

(الأغصان الندية شرح الخلاصة البهية بترتيب أحداث السيرة النبوية)

المؤلف: أبو أسماء محمد بن طه

قبائل میں ایک اور پراکسی جنگ کی کوشش

مفتی ابودجانہ

سرکاری پراکسی گروپ (State-sponsored proxy groups) ایک ایسا تصور ہے جس میں حکومتیں غیر سرکاری تنظیموں، ملیشیاؤں یا مسلح گروہوں کو اپنی سیاسی یا عسکری حکمت عملی کے لیے استعمال کرتی ہیں۔ اس طریقہ کار کو مختلف وجوہات کے باعث اپنایا جاتا ہے، جن میں براہ راست فوجی مداخلت سے بچنا، قومی مفادات کی تکمیل اور عالمی یا علاقائی سطح پر اپنے اثرورسوخ کو بڑھانا شامل ہے۔ پراکسی گروپوں کا استعمال قدیم وقتوں سے ہوتا آ رہا ہے، لیکن اس کا جدید استعمال ۲۰ویں صدی میں زیادہ نمایاں ہوا، خاص طور پر سرد جنگ کے دوران۔

سرد جنگ (1945-1991) :

سرد جنگ کے دوران امریکا اور سوویت یونین نے براہ راست جنگ میں شامل ہونے کے بجائے پراکسی وارز (Proxy Wars) کی حکمت عملی اپنائی۔ امریکہ نے مختلف ممالک میں کمیونزم کے خلاف پراکسی گروپوں کی حمایت کی، جبکہ سوویت یونین نے ویت نام، کیوبا، اور مشرق وسطیٰ میں مختلف گروہوں کی مدد کی۔

نائن الیون اور "وار آن ٹیرر" (2001)

2001 کے بعد امریکہ اور اس کے اتحادیوں نے افغانستان اور عراق میں براہ راست مداخلت کی، لیکن براہ راست کامیابی حاصل نہ کرسکنے کی وجہ سے پراکسی گروپ کھڑے کیۓ۔ اس کے علاوہ بھی حکومتیں اپنے مقاصد کے لیے پراکسی گروپوں کو استعمال کرتی ہیں، امریکہ نے افغانستان میں طالبان کے خلاف شمالی اتحاد کی حمایت کی، جبکہ عراق میں ایران نے مختلف شیعہ ملیشیاؤں کی مدد کی۔

جدید دور:

آج کے دور میں پراکسی گروپوں کا استعمال مختلف خطوں میں جاری ہے، جیسے کہ یمن، لیبیا اور عراق... ٹیکنالوجی اور سوشل میڈیا کی بدولت پراکسی گروپ مزید موثر ہو چکے ہیں، اور حکومتیں ان کا استعمال کرتے ہوئے اپنے قومی مفادات کی تکمیل کرتی ہیں۔

سرکاری پراکسی گروپوں کا استعمال عالمی سیاست میں جنگی حربہ بن چکا ہے جس سے حکومتیں براہ راست مداخلت سے بچتے ہوئے اپنے مقاصد کو حاصل کرتی ہیں۔

حکومتیں ان پراکسی گروپس سے ایک وقت میں متعدد فوائد حاصل کرتی ہیں :

اپنے مظالم پر پردہ ڈالنا

فوجی جنگی اخراجات سے بچنا

جانی نقصان سے خود کو بچانا

اسکے علاوہ سب سے بڑا فائدہ جو حکومت کو حاصل ہوتا ہے، قوم قبیلہ عوام خاندانوں کے درمیان توڑ پیدا کرکے گھر گھر دشمنیوں کے بیج بونا، لڑاؤ اور حکومت کراؤ کے اصول پر حکومتیں ایسے کارنامے سر انجام دیتی ہیں، جس کی بڑی مثال ہمارے سامنے امریکہ کا پہلے شمالی اتحاد کو سپورٹ کرنا اور دوسرے مرحلے میں افغانستان میں امریکہ کے حملہ آور ہونے کے بعد طالبان سے شدید نقصان اٹھانے کے بعد اربکی (قومی لشکر) بنانا، ان اربکیوں نے امریکیوں کی بھرپور خدمت کی جس میں سب سے

بڑی خدمت مجاہدین کی توجہ اپنی جانب مبذول کروانا تھی۔ جنگ طالبان اور امریکیوں کی بجائے طالبان اور اربکیوں کے درمیان کا رخ اختیار کر گئی۔

شکست خوردہ امریکی فوج کا جانی نقصان کم ہوگیا اور درمیان میں اربکی حائل ہو گئے اس طرح امریکی مار کھانے کے باوجود کچھ عرصہ مزید قابض رہنے میں کامیاب رہے، لیکن اس کے باوجود بھی امارت اسلامیہ کے مجاہدین کی استقامت اور حملوں کے سامنے ٹک نہ سکے اور فرار ہونا پڑا۔ ان اربکیوں کا کفر کی خدمت کے باوجود عزت کا یہ حال تھا کہ غزنی کے علاقے میں امریکیوں کا ایک کتا جسے طالبان پکڑنے میں کامیاب ہو گئے تھے، اس کتے کے بدلے امریکی دو مشہور ظالم اربکی دینے کو تیار ہو گئے تھے۔

اتنی لمبی تمہید کے بعد اب ہم آتے منظور پشتین کے قومی لشکر بنانے کے مطالبے کی طرف... اول تو قبائلی عوام اس مطالبے کو تسلیم ہی نہیں کرے گی کیونکہ قبائل کی عوام کو امن لشکروں کے مظالم اور ان کا حشر اچھی طرح یاد ہے، اگر اس طرح کے لشکروں سے فائدہ ہونا ہوتا تو ۲۰۰۷ میں بنائے گئے امن لشکر کامیاب ہوتے، حالانکہ ساری دنیا جانتی ہے کہ امن لشکر بری طرح ناکام ہو چکے ہیں۔ اصل میں اس پروجیکٹ کا مقصد بھی شکست خوردہ فوج کو تحفظ فراہم کرنا فوج کو نقصان سے بچانا اور طالبان کی توجہ کو اصل دشمن سے ہٹانا ہے۔ لیکن الحمدللہ قیادت نے مجاہدین کو حکمنامہ جاری کر کے دشمن کی اس سازش سے پردہ اٹھا دیا اور مجاہدین کو بھی اپنے اصل ہدف اور دشمن کی طرف متوجہ رہنے کی ھدایت کی ہے۔

لہذا قبائلی عوام، خصوصا نوجوان طبقے کو بھی ہوشیار رہنا چاہیئے اور ایسی کسی سازش کا حصہ بن کر ظالم فوج کو تحفظ فراہم نہیں کرنا چاہیئے، نہ ریاستی اداروں کے سامنے خود کو اتنا گرائیں کہ ریاستی ادارے ٹشو پیپر کی طرح استعمال کر کے پھینک دیں یا افغانستان کے اربکیوں والا حال ہو جائے۔ بیدار رہیں...

ہوشیار رہیں...

اپنی خودداری اور تاریخ پر بدنما داغ مت بنیں...

سابقہ امن لشکروں اور افغانستان کے اربکیوں کے انجام سے سبق حاصل کریں۔

ایسی کوئی بھی حرکت قبائلی عوام کے ساتھ غداری اور ان پر زبردستی جنگ مسلط کرنے کے مترادف ہے۔

کیا تمہاری ذمہ داری پوری ہوئی؟

شیخ عبدالرحمن حماد

